روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
پیر 25 جولائی 2005ء 17 جمادی الثانی 1426 ہجری 25 وفا 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 166

میں دوڑ کر جاتا ہوں

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ جو شخص مجھ سے بالشت بھر قریب ہوتا ہے میں اس سے گز بھر قریب ہوتا ہوں، اگر وہ مجھ سے ایک ہاتھ قریب ہوتا ہے تو میں دو ہاتھ قریب ہوتا ہوں اور جب وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں اس کی طرف دوڑ کر جاتا ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب التوحید حدیث نمبر 6856)

39 واں جلسہ سالانہ جماعت ہائے احمدیہ برطانیہ 2005ء

احمدیہ ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے LIVE پروگرامز

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ برطانیہ کا 39 واں جلسہ سالانہ مورخہ 31,30,29 جولائی 2005ء بروز جمعۃ المبارک، ہفتہ، اتوار منعقد ہو رہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس بابرکت موقع پر خطبہ جمعہ کے علاوہ چار خطابات ارشاد فرمائیں گے۔ اس جلسہ کے تمام پروگرامز احمدیہ ٹیلی ویژن پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کئے جائیں گے۔ پاکستانی وقت کے مطابق تفصیل درج ذیل ہے۔ احباب جماعت اس روحانی جلسہ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ فرمائیں۔

جمعرات 28 جولائی 2005ء

4:00 بجے سہ پہر براہ راست نشریات کا آغاز
4:10 بجے سہ پہر تلاوت
4:20 بجے سہ پہر معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ اور ڈیوٹی والوں سے حضور انور کا خطاب
5:00 بجے سہ پہر نظمیں اور انٹرویو
5:10 بجے سہ پہر انٹرویو مکرم منیر احمد فرخ صاحب (نائب افسر جلسہ سالانہ)

جمعۃ المبارک 29 جولائی 2005ء

4:00 بجے سہ پہر براہ راست نشریات کا آغاز
5:00 بجے سہ پہر **خطبہ جمعہ (براہ راست)**
6:10 بجے سہ پہر انٹرویوز (مکرم رفیق احمد حیات صاحب، مکرم عطاء المجیب راشد صاحب، مکرم ڈاکٹر ناصر احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ)
8:25 بجے رات **پرچم کشائی**
8:30 بجے رات تلاوت، نظم
افتتاحی خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ
10:00 بجے رات انٹرویوز: عربی زبان میں
11:00 بجے رات مکرم سید نصیر احمد شاہ صاحب کا مختلف مہمانان کے ساتھ پروگرام

ہفتہ 30 جولائی 2005ء

2:00 بجے دوپہر تلاوت قرآن کریم و نظم
☆ تقریر "غانا میں جماعت کے قیام کے دوران پیش آنے والے ایمان افروز واقعات" (مکرم مولانا عبدالغفار صاحب)
☆ تقریر "دین حق کی نظر میں دیگر مذاہب کا مقام" (مکرم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب)
☆ تقریر "صحابہ رسولؐ کا جذبہ اطاعت" (انگریزی) (مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت یو۔کے)
4:00 بجے سہ پہر **حضور انور کا خواتین سے خطاب**
5:45 بجے سہ پہر انتخاب سخن
7:30 بجے شام تلاوت، نظم
حضور انور کا دوسرے روز کا خطاب
10:00 بجے رات مختلف مہمانان کے ساتھ پروگرام

اتوار 31 جولائی 2005ء

2:00 بجے دوپہر تلاوت قرآن کریم، نظم
☆ تقریر "حضرت مسیح موعود کی دین حق کے لیے غیرت" (مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب)
☆ تقریر "نظام خلافت اور ہماری ذمہ داریاں" (مکرم عطاء المجیب راشد صاحب)
☆ معزز مہمانوں کے مختصر خطابات
☆ تقریر "آنحضرت ﷺ کا اپنی ازواج سے حسن سلوک" (مکرم بلال ایٹکنسن صاحب)
5:00 بجے سہ پہر **عالمی بیعت**
5:30 بجے سہ پہر انٹرویوز (عربی زبان میں)
8:00 بجے رات تلاوت، نظم
اختتامی خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے 20 جولائی 2005ء کو قبل نماز عصر بمقام بیت الفضل لندن درج ذیل نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائیں۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم چوہدری مقصود احمد صاحب

مکرم چوہدری مقصود احمد صاحب ابن مکرم چوہدری رحیم بخش صاحب 17 جولائی 2005ء کو حرکت قلب بند ہونے سے 59 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ کو لمبا عرصہ جماعت احمدیہ فیصل آباد میں خدمت کا موقع ملا۔ آپ تین دفعہ قائد خدام الاحمدیہ مجلس دارالذکر فیصل آباد منتخب ہوئے۔ دو دفعہ علم انعامی حاصل کیا۔ ناظم انصاراللہ ضلع فیصل آباد کی حیثیت سے بھی خدمت کی توفیق ملی اور یہاں بھی علم انعامی حاصل کیا۔ 1991ء میں لندن تشریف لے آئے تو یہاں ایم ٹی اے میں خدمت کی توفیق ملی۔ آپ نے اپنے پیچھے اہلیہ، دو بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ مرحوم موصی تھے اور بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ جنازہ تدفین کے لئے ربوہ لے جایا جا رہا ہے۔

نماز جنازہ غائب

مکرم میر نور احمد صاحب تالپور

مکرم میر نور احمد صاحب تالپور سابق امیر جماعت احمدیہ حیدرآباد 9 جولائی 2005ء کو کراچی آغا خان ہسپتال میں برین کینسر سے وفات پا گئے۔ مرحوم 18 سال تک جماعت احمدیہ حیدرآباد کے مقامی اور ضلعی امیر رہے۔ آپ ان خدام میں شامل تھے جن کو تقسیم ملک کے وقت حفاظت مرکز کیلئے قادیان بھجوایا گیا تھا۔ خلافت سے وفا اور اخلاص کا بہت گہرا تعلق تھا مرحوم نے پسماندگان میں 4 بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں

مکرمہ فرحت مبارک صاحبہ

مکرمہ فرحت مبارک صاحبہ اہلیہ قریشی مبارک احمد صاحب مرحوم مربی سلسلہ 29/اپریل 2005ء کو

باقی صفحہ 16 پر

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 347)

عبد شاکر کا قابل فخر مقام

حضرت سیدنا محمود المصلح الموعود نے جلسہ سالانہ 1911ء کے پلیٹ فارم پر ''مدارج تقویٰ'' کے زیر عنوان خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

''مجھے ایک واقعہ یاد ہے کہ منی آرڈروں میں سے جو حضرت صاحب کے نام آئے ایک کے کوپن پر لکھا تھا کہ یہ پندرہ روپیہ ارسال ہیں۔ ایک روپیہ لنگر کے لئے اور باقی آپ خدا کے لئے اپنے نفس پر خرچ کریں اور مجھ پر احسان فرمائیں۔

پھر جب زلزلہ (1905ء) آیا اور حضرت اقدس باغ میں تشریف لے گئے اور مہمانوں کی زیادہ آمد و رفت وغیرہ کی وجوہات سے لنگر کا خرچ بڑھ گیا تو آپ نے ارادہ فرمایا کہ قرض لے لیں فرماتے ہیں کہ میں اسی خیال میں آ رہا تھا کہ ایک شخص ملا جس نے پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے تھے اور اس نے ایک پوٹلی میرے ہاتھ میں دے دی اور پھر الگ ہو گیا۔ اس کی حالت سے میں ہرگز نہ سمجھ سکا کہ اس میں کوئی قیمتی چیز تھی لیکن جب گھر آ کر دیکھا تو دو سو روپیہ تھا۔ حضرت صاحب فرماتے ہیں کہ اس کی حالت سے ایسا ظاہر ہوتا تھا کہ وہ اپنی ساری عمر کا اندوختہ لے آیا پھر اس نے اپنے لئے یہ بھی پسند نہ کیا کہ میں پہچانا جاؤں یہ شاکر کا مقام ہے''۔

(انوار العلوم جلد 1 صفحہ 380-381)

گمنام شخصیت کا تعارف

مقام شکر کے منصب پر فائز جس بزرگ کا واقعہ حضرت مصلح موعود کی زبان مبارک سے زیب قرطاس ہوا ہے ان کا اسم گرامی حضرت چوہدری امیر محمد خان صاحب متوطن اہرانہ ضلع ہوشیار پور ہے جو 2 مارچ 1951ء کو جوڑیاں ضلع سیالکوٹ میں اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے۔

حضرت حکیم سید پیر احمد صاحب ہوشیار پوری (مقیم سیالکوٹ) نے 15 جون 1967ء کو سلسلہ احمدیہ کے اس یکرنگ اور بے نفس وجود کا بایں الفاظ تعارف سپرد قلم فرمایا

حضرت امیر محمد خان صاحب پٹواری جو کہ میرے والد صاحب مرحوم و مغفور سید حاجی احمد ہوشیار پوری کے خاص دوست اور سگے بھائیوں سے زیادہ محبت کرنے والے تھے۔ موضع کپاہٹ میں پٹواری تھے اور جمعہ پڑھنے کے لئے ہمارے مکان پر آیا کرتے تھے اور جتنے دن قیام کرتے تھے والد صاحب کو ہمراہ لے کر سکھوں کو (دعوت الی اللہ) کرنے کے لئے جایا کرتے تھے۔ ان کو سکھ ازم کے متعلق خاصہ علم تھا۔ اور گرنتھ صاحب کے شلوک ان کو زبانی حفظ تھے۔ ہوشیار پور کے قریب قریب گاؤں میں سکھ آباد تھے ہمیشہ ان کو (دعوت الی اللہ) کرنے جایا کرتے تھے۔ دل کے بہت حلیم اور خوش مزاج تھے انہوں نے مجھے فرمایا تھا کہ جس پوٹلی کا ذکر حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا وہ میں نے ہی پیش کی تھی زلزلہ کانگڑہ .... کے بعد چوہدری امیر محمد خان صاحب کی تحریک پر والد صاحب اور میں اور چوہدری شیر محمد صاحب مرحوم اور ان کے صاحبزادے چوہدری محمد حسین پیدل ہوشیار پور سے براستہ بیٹ قادیان گئے تھے۔ اس وقت حضرت مسیح موعود اپنے باغ کے مکان میں فروکش تھے اور ہم دو پہر سے پہلے قادیان پہنچ گئے تھے۔ اور لنگر سے کھانا کھا کر پھر ظہر کی نماز کے لئے گئے تھے میں اس وقت جماعت چہارم کا طالب علم تھا۔ دوسرے دن جمعہ تھا۔ اور جمعہ باغ میں حضرت مولانا مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم نے پڑھایا تھا جمعہ سے پہلے ہم مہمان خانہ سے باغ میں پہنچ گئے تھے۔ اور پہلی صف میں میں اور میرے والد صاحب اور ان کے ساتھ چوہدری امیر محمد خان صاحب شیر محمد خان صاحب اور ان کا صاحبزادہ محمد حسین بیٹھے تھے اور اگلے مصلے پر حضرت مولوی عبدالکریم بیٹھے تھے۔ انہیں کے پاس بیٹھ گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد حضرت مسیح موعود تشریف لائے اور میرے سامنے بیٹھ گئے اور باتیں شروع ہو گئیں تھوڑی دیر کے بعد حضور نے فرمایا کہ بیعت کرنے والے آگے آ جائیں چند شخص آگے آ گئے ہم پہلے بیٹھے ہوئے تھے۔ حضور نے میری طرف ہاتھ بڑھایا اور میں نے ڈر کر ہاتھ نہ پکڑا والد صاحب اور چوہدری امیر محمد خان دونوں نے ہاتھ پکڑ لیا اس کے بعد اور دوستوں نے ہاتھوں پر ہاتھ رکھ لئے میں نے دل میں کہا کہ میں نے غلطی کی کہ ہاتھ نہ پکڑا پھر میں نے ڈرتے ڈرتے بازو کو پکڑ لیا مگر حضور نے کچھ بھی نہ کہا۔ اور بیعت ہو گئی۔ چوہدری امیر محمد خان صاحب کچھ عرصہ پہلے بھی بیعت کر چکے تھے۔ فقط

دستخط

حکیم سید پیر احمد ہوشیار پوری

15-6-1967

اسی طرح جناب محمد شجاعت علی صاحب مرحوم انسپکٹر مال کا تحریری بیان ہے:-

مجھے موضع اہرانہ ضلع ہوشیار پور میں کئی دفعہ جانے کا موقعہ ملا ہے۔ وہاں کے ایک بزرگ چوہدری امیر محمد خان صاحب جو حضرت سیدنا مسیح موعود کے جاں نثار اور فدائی تھے جنہیں (دعوت الی اللہ) کا بے حد شوق تھا انہوں نے خود مجھ سے بیان فرمایا کہ ایک مرتبہ ان کے پاس کئی سو روپے آئے۔ پہلے تو وہ اس سے زمین خریدنے کا خیال کرتے تھے لیکن چونکہ اس زمانہ میں زلزلہ آ چکا تھا اور دنیا کی بے بضاعتی کا نقشہ آنکھوں کے سامنے تھا اس لئے اچانک دل میں خیال پیدا ہوا کہ کیوں نہ میں یہ رقم حضرت مسیح پاک کی خدمت میں پیش کر کے سعادت دارین حاصل کر لوں لہٰذا وہ فرماتے تھے کہ میں گھر سے رقم لے کر پیدل ہی چل پڑا اور حضرت اقدس کی خدمت میں جبکہ حضور پر نور مقبرہ بہشتی والے باغ میں فروکش تھے رقم پیش کی فوراً وہاں سے واپس روانہ ہو گیا۔ جہاں تک میری یادداشت کام کرتی ہے اسی واقعہ کے متعلق اسی گاؤں کے بزرگ حضرت چوہدری محمد عثمان خان صاحب والد بزرگوار چوہدری عبدالسلام صاحب محافظ خاص حضرت خلیفۃ المسیح الثالث بھی ذکر کرتے تھے۔''

(ریکارڈ شعبہ تاریخ احمدیت)

غزل

شائد ہجوم رفتگاں تھا
آنکھوں میں رقص کا سماں تھا
سینے سے دھڑکنیں اٹھی تھیں
ہونٹوں پہ وصل کا نشاں تھا
تو بھی تو مجھ سا ہو گیا تھا
مجھ پہ بھی تیرا ہی گماں تھا
دنیا بھی تھی یہیں کہیں پر
میرا کب اس طرف دھیاں تھا
پاؤں میں خاک اڑ رہی تھی
ہاتھ میں دستِ کہکشاں تھا
کتنی عجیب وہ زمیں تھی
کتنا عجیب آسماں تھا
سایہ فگن تھے سب فرشتے
سجدے میں اس کا کارواں تھا

ناصر احمد سید

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

منیر احمد صاحب بانی

زخم تازہ کر گئی بادِ صبائے قادیاں

چند سال قبل ایک ماہوار ادبی رسالہ دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ مدیر نے قارئین کو اس مضمون پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی دعوت دی تھی کہ وہ اپنی زندگی کے کس زمانہ کو بہترین سمجھتے ہیں؟ سوال بہت دلچسپ تھا اور جو جوابات موصول ہوئے وہ

''گلہائے رنگ رنگ سے ہے زینت چمن''

کے مصداق تھے۔ آجکل کے معاشرہ اور ماحول کے مطابق اکثریت کے جوابات کا خلاصہ ان دو الفاظ میں سمویا جاسکتا ہے کہ ''ہائے جوانی''۔ بعض سنجیدہ قارئین کی حتمی رائے یہ تھی کہ بڑھاپے کا زمانہ انسان کے لئے سرمایہ حیات ہے۔ یہ دور زندگی بھر کے تجربات سے مزین ہوتا ہے۔ شعور پختہ ہو جاتا ہے اور اسی زمانہ میں زندگی کے نشیب و فراز کا ادراک پیدا ہوتا ہے۔ دو ایک لکھنے والوں نے بچپن کی عمر کو ''نعمت عظمیٰ'' قرار دیا تھا۔ دلیل یہ تھی کہ

مستقل رہنا ہے لازم اے بشر تجھ کو سدا
رنج و غم ، یاس والم ، فکرو بلا کے سامنے

صرف طفلی کے زمانہ کو ہی مذکورہ شعر سے استثناء ہے اور اسی لئے عرف عام میں اسے بادشاہی زمانہ کہتے ہیں۔ لہٰذا ہماری تو اب یہی تمنا اور آرزو ہے کہ

بڑھاپے کی دانائیاں مجھ سے لے کر
لڑکپن کی نادانیوں سے بدل دے

رسالہ میں یہ مضمون پڑھ چکنے کے بعد میں نے اپنے دل سے جب یہ سوال کیا تو میرے دل نے بلاتوقف جواب دیا کہ تیری زندگی کا جو عرصہ مامور زمانہ کی پاک بستی قادیان میں گزرا، وہی تیری عمر کے بہترین لمحات اور تیرے لئے سرمایہ حیات ہیں۔ اس دلنشین اور پرلطف جواب سے میرے دل و دماغ پر یادوں کا طوفان سا اُمڈ آیا اور فلم کی ریل کی طرح ایک ایک کر کے گزرے ہوئے واقعات مجھے یاد آئے ؎

گلشن احمد کے پھولوں کی اڑا لائی جو بو
زخم تازہ کر گئی باد صبائے قادیاں

چند واقعات ہدیہ قارئین ہیں:

(1)۔ 1939ء کے سالانہ جلسہ پر جو کہ خلافت ثانیہ کا جوبلی جلسہ تھا والد صاحب مرحوم (میاں محمد صدیق صاحب بانی) کے ہمراہ جانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ چند روز جلسہ کے بعد بھی قیام کیا۔ اس مختصر عرصہ میں ہی بچوں میں ایسی تبدیلی پیدا ہوئی کہ والد صاحب نے عزم کر لیا کہ بال بچوں کو اس مقدس بستی میں رکھ کر تعلیم دلائی جائے اس فیصلہ پر عمل درآمد 1941ء میں ہو سکا۔ ان دنوں قادیان میں رہائش کے لئے الگ مکان مل جانا ایک ''مسئلہ'' تھا۔ بمشکل تمام محلّہ دارالرحمت میں ایک مشترکہ مکان ملا۔ جس میں محترم مولوی عبدالحی صاحب مربی انڈونیشیا مع اپنی والدہ اور بھائی بہنوں کے مقیم تھے۔ سید صاحب انتہائی محبت اور شفقت سے بیت دارالرحمت میں نماز باجماعت کے لئے اپنے ہمراہ ہمیں لے جاتے۔ ایک روز نماز جمعہ کے لئے بیت اقصیٰ لے گئے، جب واپس گھر آئے تو اپنے چھوٹے بھائی اور خاکسار سے کہا کہ حضرت صاحب کے خطبہ کا خلاصہ سنائیں۔ ان کے بھائی نے تو کسی قدر خلاصہ بیان کیا لیکن میں اس غیر متوقع سوال کے لئے تیار نہ تھا مگر اس کا یہ عظیم فائدہ ہوا کہ اس کے بعد سے میں نے بہت توجہ اور انہماک سے حضور کے خطبات سنے۔ اب بھی جب تاریخ احمدیت کا مطالعہ کرتے کرتے وہ خطبات آتے ہیں جو کہ خود اپنے کانوں سے سنے ہوئے ہیں تو دل پر ایک رقت طاری ہو جاتی ہے۔ حضرت المصلح الموعود کا نورانی چہرہ نظروں کے سامنے آجاتا ہے اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ حضور کی دلکش آواز میرے کانوں میں رس گھول رہی ہے اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ باوجود کوشش کے خطبات کی ان چند سطور سے آگے نہیں بڑھ سکتا اور یہ جانتے ہوئے بھی کہ گزرا ہوا زمانہ واپس نہیں آتا، دل میں تمنا اور تڑپ پیدا ہوتی ہے کہ ؏

دوڑ پیچھے کی طرف اے گردش ایام تو

(2) تعلیم الاسلام ہائی سکول کی چوتھی جماعت میں داخلہ لیا۔ ماسٹر حسن محمد صاحب، ماسٹر چراغ محمد صاحب اور ماسٹر نذیر احمد رحمانی ابتدائی کلاسوں میں ہمارے اساتذہ تھے۔ سراپا محبت و شفقت، بڑی کلاسوں میں سبھی اساتذہ کرام اپنے بچوں کی طرح محبت اور محنت سے اپنے شاگردوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرتے اور تعلیم سے زیادہ تربیت کا خیال رکھتے۔ جب سکول کی تعلیم مکمل کر کے عملی زندگی میں قدم رکھا اور باہر کی دنیا کے حالات کا مشاہدہ کیا تو اب یہ احساس ہوتا ہے کہ ایسا سکول اور ایسے مہربان و قابل اساتذہ خدا تعالیٰ کے عظیم انعامات تھے۔ مولوی تاج دین صاحب ماسٹر محمد ابراہیم صاحب ناصر (سابق مربی ہنگری) صوفی محمد ابراہیم صاحب، صوفی غلام محمد صاحب (ناظر مال ربوہ)، چوہدری عبدالرحمٰن صاحب اور میاں محمد ابراہیم صاحب بی۔ اے واشنگٹن۔ یہ ان ناموں میں سے چند ہیں جن کی محبت بھری یاد خاکسار کے دل سے کبھی محو نہیں ہو سکتی۔ سکول میں اڑھائی بجے چھٹی ہوتی، گھروں میں جا کر کھانا وغیرہ کھاتے، عصر کے بعد ماسٹر محمد ابراہیم صاحب ناصر اپنے گھر پر کلاس لیتے۔ کسی قسم کی فیس یا ٹیوشن کا کوئی سوال ہی نہ تھا۔ میاں محمد ابراہیم صاحب بی۔ اے مغرب کے بعد اپنے گھر پر انگریزی میں طلبہ کو مشق کرواتے۔ اکثر یہ کلاس رات 11 بجے تک جاری رہتی۔ ہمارے یہ روحانی والدین اپنا فرض منصبی سمجھ کر بچوں کو پڑھاتے۔ اور یہ بات ان کا جزو ایمان تھی کہ ہمارے ان عزیزوں نے احمدیت کا سپاہی بننا ہے اور ؏

جب گزر جائیں گے ہم تم پہ پڑے گا سب بار

اس لئے اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے ہر لحہ ہمارے اساتذہ کے مدنظر بچوں کی بھلائی اور بہبودی ہی ہوتی۔ ماسٹر نذیر احمد صاحب رحمانی نے چھٹی کلاس میں خاکسار کو تحریک کی کہ ابھی سے روزانہ ڈائری لکھنے کی عادت ڈالو۔ میں ان کی ہدایت کے مطابق اپنی ڈائری بک ان کی خدمت میں لے گیا۔ اس پر مجھے بہترین ماٹو لکھ کر دیا ''آج کا منیر کل کے منیر سے بہتر ہو۔'' میاں محمد ابراہیم صاحب بی۔ اے (خدا تعالیٰ ان کی عمر اور صحت میں برکت دے) طلبہ کو تلقین فرماتے کہ کورس کی کتابوں کے علاوہ مطالعہ کی عادت ڈالو اور روزانہ ایک انگریزی اور ایک اردو اخبار پڑھا کرو۔

حضرت مولوی تاج دین صاحب کے کلاس میں بیان کردہ معرفت کے نکات اب تک ازبر ہیں۔ جب صبح سکول شروع ہونے سے پہلے اسمبلی ہوتی تو تلاوت قرآن پاک کے بعد مولوی صاحب مرحوم بآواز بلند کوئی نہ کوئی دعا طلبہ کے ساتھ دہراتے۔ اس زمانہ کی یاد کروائی ہوئی ادعیة القرآن و ادعیة الرسول اب بھی یاد ہیں۔ حضرت سید محمود اللہ شاہ صاحب ہمارے ہیڈ ماسٹر تھے۔ جن دوستوں کو انہیں دیکھنے کا شرف حاصل ہوا ہے انہوں نے گویا ایک ولی اللہ کا دیدار کر لیا۔ بہت ہی زاہد، عابد اور دعا گو شخصیت تھے۔ ان کے چہرہ پر ہمیشہ ایک خداداد مسکراہٹ رہتی۔ سکول شروع ہونے سے قبل اسمبلی سے ضرور خطاب فرماتے۔ خطاب پندو نصائح کا ایک سمندر ہوتا اور بیان کرنے کا انداز انتہائی دلنشین۔ جب موسمی تعطیلات میں سکول دو ماہ کے لئے بند ہو جاتا تو آپ اعلان فرماتے کہ ان چھٹیوں میں جو طالب علم قادیان سے باہر نہیں جاتے وہ روزانہ انگریزی میں ایک مضمون لکھیں میں دس سے گیارہ بجے تک سکول اپنے دفتر آکر بیٹھوں گا اور بچے مجھ سے اصلاح لیں۔ اس طریق سے اکثر طلبہ مستفید ہوئے۔ شاہ صاحب نے اپنے عہد میں بے شمار اصلاحات اور سکیمیں جاری فرمائیں۔ مجھے خوب یاد ہے کہ ساتویں جماعت میں ہر طالب علم کے ذمہ ایک رکوع تھا اور اس طرح ساری کلاس کو پورا ایک پارہ یاد کروایا گیا اور سارے سکول نے مل کر پورا قرآن پاک حفظ کیا ہوا تھا۔

(3) سکول سے باہر محلّہ کی عام زندگی بھی ایک تربیتی کیمپ تھا۔ روزانہ پانچوں نمازیں ہم باجماعت ادا کرتے، ظہر کی نماز بیت نور میں پڑھتے اور باقی نمازیں طلبہ اپنے اپنے محلّہ کی بیوت الذکر میں پڑھتے۔ فجر سے پہلے پرسکون اور خاموش ماحول میں بچوں کی چھوٹی چھوٹی ٹولیاں صل علیٰ کے درود کا ورد کرتے ہوئے محلّہ میں چکر لگاتیں۔ اور بچے باجماعت نماز بیت میں ادا کرتے۔ نماز کے بعد اکثر حدیث شریف کا درس ہوتا۔ بعد نماز مغرب خدام الاحمدیہ اور اطفال کے اجلاس روزانہ ہوتے۔ عشاء کی نماز پڑھ کر ایک دن ہم چند بچے گھر سے باہر میدان میں کھیلنے لگے۔ محلّہ کی مجلس انصاراللہ کے زعیم صاحب تشریف لائے اور نصیحت کی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کے بعد بچوں کو گھر سے بلاضرورت باہر نکلنے سے منع فرمایا ہے۔ یہ وقت مطالعہ میں صرف کرو اور جلدی سو جاؤ تا کہ صبح وقت پر بیدار ہو کر فجر کی نماز ادا کر سکو۔ جب خاکسار پانچویں جماعت کا طالب علم تھا، ایک روز سودا سلف لانے بازار کی طرف ننگے پاؤں ہی چل دیا۔ محترم حافظ قدرت اللہ صاحب (سابق مربی ہالینڈ) آدھے رستہ پر مل گئے اور نصیحت فرمائی کہ احمدی بچوں اور دوسرے بچوں میں فرق ہوتا ہے۔ آپ فوراً گھر جائیں اور جوتا پہن کر بازار جائیں۔ ہر بزرگ یہ سمجھتا تھا کہ یہ سب ہمارے اپنے بچے ہیں اور اگر کوئی دانستہ یا نادانستہ غلطی دیکھ پاتے تو فوراً اصلاح احوال کی طرف متوجہ ہوتے۔

(4) حقیقی دینی معاشرہ تھا۔ محلّہ میں کسی کے ہاں شادی ہوتی تو امیر و غریب کا کوئی سوال نہ تھا۔ سب آپس میں بھائی بھائی تھے۔ شادی کی تقریب ایک گھرانہ کی تقریب کی بجائے پورے محلّہ کی ذمہ داری سمجھی جاتی۔ ہم نے 1943ء میں محلّہ دارالبرکات میں مکان خرید کیا۔ گھر میں ہم سب بچے تھے۔ والد صاحب کلکتہ میں کاروبار کرتے تھے۔ گھر کا سودا سلف لا کر دینے والا کوئی نہ تھا۔ ایک دن محلّہ کے ایک بزرگ تشریف لائے اور بغیر کسی تحریک کے از خود یہ پیشکش کی کہ آپ کے ہاں بڑا کوئی نہیں ہے، میں صبح سویرے اپنے گھر کا سودا لانے جاتا ہی ہوں، آپ کی نوازش ہو گی اگر آپ مجھے خدمت کا یہ موقعہ دیں کہ میں آپ کا بھی سامان لے آیا کروں۔ ہمارا گزشتہ ماحول چنیوٹ اور کلکتہ کا ''تاجرانہ ماحول'' تھا جس میں ہر بات اور عمل کا وزن پیسہ سے تولا جاتا تھا اس لئے ایسی منکسرانہ اور پرخلوص پیشکش کی ہمیں سمجھ ہی نہ آئی۔ کیونکہ ہمارا یقین تھا کہ اس دنیا میں ایسا کبھی نہیں ہو سکتا لیکن اس فرشتہ سیرت بزرگ نے بہت اصرار کیا (افسوس! کہ مجھے اب ان کا نام یاد نہیں) اور گرمی، سردی، برسات میں ریلوے ٹائم ٹیبل کے مطابق روزانہ فجر کی نماز کے بعد تشریف لاتے اور بہت ہی عمدہ، صاف ستھرا اور ارزاں قیمت پر سودا سلف لا کر دیتے رہے اور 1943ء سے لے کر ان کا یہ معمول قادیان کے انخلاء تک (وسط 1946ء) جاری رہا۔ یہ بزرگ محلّہ کے اور بھی بہت سے گھرانوں کا سودا بلا کسی معاوضہ کے لا کر دیا کرتے تھے۔ میں یہ واقعہ اب تک اپنے صدہا دوستوں اور ملنے والوں کو سنا چکا ہوں لیکن سننے والوں کا چہرہ دیکھ کر مجھے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ انہیں میری اس بات پر یقین نہیں آیا۔ سچ ہے۔ ؎

ایشیا و یورپ و امریکہ و افریقہ سب
دیکھ ڈالے پر کہاں وہ رنگ ہائے قادیاں

(5) اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کے رفقاء کرام کی کافی تعداد ہر محلّہ میں تھی اور بے شمار برکات کی حامل۔ بچپن کی وجہ سے ہم ان کی صحبت سے تو کما حقہ مستفید نہ ہو سکے لیکن کم از کم انہیں دیکھنے کا فخر حاصل ہوا اور اب ان کی یاد بہت ستاتی ہے۔ ہمارے محلّہ میں ایک بزرگ رفیق حضرت مولوی عبداللہ صاحب بوتالوی (والد ماجد مولوی عبدالرحمٰن صاحب انور و حافظ قدرت اللہ صاحب) قیام فرما تھے۔ ایک دن محلّہ کی بیت الذکر میں تلاوت قرآن کریم کا مقابلہ ہوا اور ہم تینوں بھائی اول، دوم، سوم قرار پائے۔ موصوف نے انتہائی خوشی کا اظہار فرمایا اور جلسہ کے اختتام پر ہمارے والد صاحب سے فرمایا کہ میں بچوں کو انعام دینا چاہتا ہوں۔ میں نے کسی زمانہ میں خوشخطی کا فن سیکھا تھا۔ آپ کے بچے روزانہ فجر کے وقت تختیاں اور قلم دوات لے کر آ جایا کریں میں انہیں خوشخطی سکھلاؤں گا۔ اس طرح پر بہت ہی مفید کلاس جاری ہوئی اور بعد ازاں محلّہ کے اور بھی بہت سے بچوں نے استفادہ کیا۔

(6) ایک سال متحدہ پنجاب کی ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن کی سالانہ کانفرنس کا انعقاد قادیان میں ہوا۔ ایسوسی ایشن کے صدر لاہور کے کسی آریہ سماج سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے۔ بہت ہی سحر البیان مقرر اور زندہ دل۔ ان کے قیام و طعام کا انتظام اس وقت بورڈنگ تحریک جدید کی عمارت کے قریب کیا گیا تھا۔ بیت نور سے (متصل) خاکسار اور چند دوسرے طلبہ کے ذمہ ان کی خدمت کا فریضہ تھا۔ ایک دن دوپہر کے کھانے کے بعد انہوں نے ایک چھوٹے سے بچے سے سوال کیا کہ تم بڑے ہو کر کیا بنو گے؟ بچہ کا نام اس وقت ذہن سے اتر گیا ہے۔ بہت ہی خوبصورت اور معصوم چہرہ تھا۔ اس نے فی الفور جواب دیا کہ ”ہر احمدی دین حق کا ایک بہادر سپاہی ہے، اس راہ میں میری زندگی قربان ہوگی“۔ بچے کا یہ فی البدیہہ جواب سن کر ہیڈ ماسٹر صاحب کی جو حالت ہوئی وہ الفاظ میں بیان نہیں کی جاسکتی۔ وہ سکتہ میں آ گئے۔ بعد ازاں ان کی کئی تقاریر مختلف مجالس میں ہوئیں اور انہوں نے بڑے تعریفی انداز میں بیان کیا کہ احمدی بچوں کے اندر یہ جذبہ بہت ہی قابل قدر ہے اور جس قوم کے چھوٹے بچوں کی اس قدر اونچی اڑان ہو وہ یقیناً کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔

(7) مذکورہ واقعات تو صرف چند مثالیں ہیں۔ قادیان دارالاماں میں زندگی کے جو ایام گزرے ان میں سے ہر یوم ایک مستقل باب ہے۔ میرے جن بزرگوں اور بھائیوں اور عزیزوں کو یہ سعادت نصیب ہوئی ہے ان کے بھی یہی جذبات ہیں۔ جن احباب کو وہاں قیام کا موقعہ تو نہ مل سکا لیکن جلسہ سالانہ پر چند یوم کے لئے جاتے ہیں، ان کے دل بھی یہی گواہی دیتے ہیں جو میرے دل نے دی تھی۔ 1978ء کے سالانہ جلسہ پر ایک مالا باری دوست بھی اس دور دراز علاقہ سے دیار حبیب میں حاضر ہوئے۔ اردو زبان سے ناآشنا، میں نے ان کی آنکھیں اشکبار دیکھیں۔ سبب دریافت کیا تو اس مخلص دوست نے ٹوٹی پھوٹی زبان میں بیان کیا کہ یہ میری انتہائی خوش بختی اور خوش نصیبی ہے کہ میں حضرت مسیح موعود کے مولد و مسکن میں حاضر ہوا ہوں۔ یہاں کے در و دیوار میں بھی مجھے برکت ہی برکت نظر آتی ہے۔ مالا باری دوست کے جذبات کا اظہار کسی شاعر نے اس طرح کیا ہے۔

ہر راہ کو دیکھا ہے محبت کی نظر سے
شاید کہ وہ گزرے ہوں اسی راہ گزر سے

مکرم مصلح الدین صاحب بنگالی ایم۔اے پرنسپل اسلامیہ کالج چٹاگانگ میرے زمانہ کالج کے دوست ہیں۔ گزشتہ دنوں انہیں تقسیم ملک کے بعد پہلی مرتبہ قادیان جانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ وہ میرے نام اپنے خط میں رقمطراز ہیں:

”یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل تھا کہ ایک لمبے عرصہ کے بعد اس نے ارض مقدس قادیان کی زیارت کی توفیق عطا فرمائی۔ فالحمدللہ علی ذالک.......... وہاں مجھے یوں معلوم ہو رہا تھا کہ زندگی کے بہترین لمحات تھے جو وہاں میں نے گزارے، دنیا کے آلام وفکر سے دور، آستانہ الٰہی پر سربسجود.......... وہاں کے در و دیوار اب بھی آنکھوں کے سامنے ہیں۔ اس روحانی ماحول کے تصور سے ہی آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں اور طبیعت پر ایک عجیب روحانی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور دل چاہتا ہے کہ زندگی کے بقیہ ایام بھی دیار محبوب میں گزار دوں..........“

(8) اس زمانہ میں قادیان کی برکات کے شمار کا یہ مضمون متحمل نہیں ہو سکتا۔ سب سے بڑی برکت حضرت المصلح الموعود کی ذات والا صفات تھی۔ بعد نماز مغرب مجلس علم و عرفان کی یاد اب بھی دل میں حرارت پیدا کر دیتی ہے۔ ہر کوئی اپنے اپنے ظرف اور علم کے مطابق اس سمندر بے کراں سے موتی چنتا، بڑوں کی تو بات ہی الگ ہے، بچے بھی اپنے رنگ میں مستفید ہوتے۔ روزانہ نئے سے نیا مضمون اچھوتے انداز میں۔ طرز بیان بہت ہی سادہ، زبان صاف ستھری اور آسان، ہر بات دل میں اتر جاتی تھی۔ اکثر لٹریچر کے امتحانات میں ایک لمبا مضمون دے دیا جاتا ہے اور سوال ہوتا ہے کہ دو سطروں میں اس مضمون کا خلاصہ تحریر کرو۔ حضرت المصلح الموعود کی سوانح حیات اگر ایک ہزار صفحات میں تحریر کی جائے اور اس کا خلاصہ بھی بیان کرنا مقصود ہو تو یہ خدائی سرٹیفیکیٹ کافی ہے کان اللہ نزل من المساء۔

حضرت قاضی ظہورالدین اکمل صاحب کے متعلق یہ روایت بیان کی جاتی ہے کہ ان کے کمرے میں حضرت مسیح موعود کا فوٹو آویزاں تھا اور اس کے نیچے انہوں نے یہ شعر لکھ دیا تھا ؎

یوں تو ساقی ہر طرح کی تیرے میخانے میں ہے
پر یہ تھوڑی سی جوان آنکھوں کے میخانے میں ہے

باقی صفحہ 6 پر

مرسلہ: شمشاد احمد قیصر صاحب

محنت سے کامیابی آپ کے قدم چومتی ہے

حساب، کیمسٹری، فزکس میں TOP پر رہیں

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کا اپنے بھائی کے نام خط

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نے اپنے بھائی مکرم چوہدری عبدالحمید صاحب کو ایک خط تحریر کیا جس میں کچھ قابل غور نصائح تھیں۔ اگر ان نصائح پر تمام احمدی بچے اور نوجوان عمل کریں تو یقیناً ایک بڑے انسان بن سکتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب اپنے بھائی کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ابا جان کے خط سے معلوم ہوا کہ آپ کا امتحان 18/اپریل کو شروع ہے۔ میں یہ خط اس لئے لکھ رہا ہوں کہ آپ کو شاباش کہوں۔ اور آپ کی ہمت بڑھاؤں کہ آپ کوشش کریں کہ اس بار کم از کم آپ کا نمبر سب سے آگے ہو۔ شاید آپ کو یہ خط 12-13 کے قریب ملے گا جب امتحان چار پانچ دن رہ گیا ہوگا اور آپ کی تیاری ہو چکی ہوگی۔ اگر تیاری خواہ نہ بھی ہوئی ہو تو بھی آپ گھبرائیں نہیں۔ امتحان جہاں تیاری پر منحصر ہوتے ہیں اس کے علاوہ Keeping your wits about you پر بھی انحصار رکھتے ہیں۔ جو چیزیں آپ کو بہت اچھی طرح آتی ہوں ان سے پورا فائدہ اٹھانا امتحان میں ضروری ہوتا ہے۔ میں اور سب لوگ آپ کے لئے دعائیں کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیابی بخشے۔

آپ کو شاید اس وقت تو یہ مضمون حساب فزکس، کیمسٹری وغیرہ بے کار معلوم ہوتے ہیں لیکن یہ یاد رکھیں کہ ان میں Top پر رہنے میں دو پوائنٹ (Point) ہوتے ہیں۔

(1) اگر آپ ان مضمونوں میں بہتر سے بہتر نتیجہ دکھائیں تو اگرچہ آپ کی ان میں دلچسپی نہ بھی ہو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ محنت کر سکتے ہیں اور دوسرے آپ ذہین ہیں۔ زندگی میں کامیابی محنت اور ذہانت سے ہے۔ ایک معمولی کلرک بن جانا یا معمولی دکاندار بن جانا یا معمولی Mechanic بن جانا ہمیں یا آپ کو خوش نہیں کر سکتا۔ زندگی Ambition کا نام ہے اور وہ Ambition کیا ہے؟ سب سے چوٹی پر رہنا جس شخص کی زندگی میں Ambition نہیں وہ مردہ ہے۔ ماں باپ بھائی کسی کے کام نہیں آ سکتے۔ ہر شخص نے اپنی زندگی خود بنانی ہوتی ہے۔ آپ کی عمر میں انسان کو احساس نہیں ہوتا کہ وقت کس طرح خرچ کرنا چاہئے زندگی بھر میں کونسی چیزیں کام آئیں گی۔ لیکن محنت کی عادت ایسی چیز ہے کہ ایک بار پڑ جائے تو کامیابی آپ کے قدم چومتی ہے۔ محنت کرنا کوئی آسان چیز نہیں۔ بہت کڑوی ہے۔ (جی کہتا ہے) کہ یہ مصیبت ہے۔ لوگ مزے کر رہے ہیں۔ یاد رکھیں جو لوگ اس عمر میں مزے کرتے ہیں وہ ساری عمر روتے رہتے ہیں۔ مزے کرنے کا بھی وقت ہو اور کام کرنے کا بھی وقت ہو تو زندگی حسین ہوتی ہے۔ آپ کا مطمح نظر یہ ہونا چاہئے کہ آپ رات کو جب سوئیں تو سونے سے پہلے یہ سوچیں کہ کیا آپ کا دن اچھا گزرا ہے؟ پڑھنے کے وقت آپ پڑھتے ہیں؟ کھیلنے کے وقت آپ کھیلتے ہیں؟ یاد رکھیں ہم بہت غریب ہیں۔ ہمارے پاس سوائے محنت اور ذہانت کے اور کچھ نہیں کہ ہم اونچے چڑھ سکیں۔ گھر میں نھوں سے لڑنا یا ناراض ہونا زندگی کا نام نہیں۔ آپ کے سامنے ہزاروں میدان ہیں آپ محنت کریں تو کل Prime Minister ہو سکتے ہیں۔ بڑے سے بڑے (سیٹھ بن سکتے ہیں) بڑے سے بڑے مکینک Mechanic ہو سکتے ہیں۔ ایک بار عزم کریں اور پھر محنت۔ اس وقت آپ کے سامنے Studies کا میدان ہے۔ آپ یقیناً اس قابل ہیں کہ آپ سب کو پیچھے چھوڑ سکیں۔ اگر پہلے وقت ضائع ہو گیا ہے تو کوئی حرج نہیں۔ عزم کے ساتھ کیا ہوا دو دن کا کام لوگوں کے مہینوں کے کام سے بہتر ہوتا ہے۔

(2) آپ کی تعلیم کا دوسرا فائدہ یہ کہ ریاضی، فزکس وغیرہ آج دنیا کی کلید ہیں، بجلی، موٹریں، انجینئرنگ سب کچھ ریاضی کے بغیر ناممکن ہے۔ یہ لوہا کیسے بنتا ہے۔ یہ کاریں کیسے چلتی ہیں۔ آپ کی عمر کے بچہ یہاں خود ریڈیو سیٹ (Radio set) اور کاریں بنا لیتے ہیں۔ آپ بھی سب کچھ کر سکتے ہیں۔ صرف چھوٹی چیزوں کا خیال چھوڑ دیں بہت بڑی چیزیں آپ کے سامنے ہیں۔ اگر آپ کا رجحان کسی خاص طرف ہو تو مجھے لکھیں میں آپ کو کتابیں بھیجوں گا۔ لیکن اس وقت اللہ کا نام لے کر امتحان دیں اور اس میں اعلیٰ منزل پر پہنچیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو کوشش کریں کہ آپ کے والدین آپ سے خوش ہوں۔ آپ کی طبیعت میں کوئی چھوٹی چیز نہ ہو۔

والسلام
آپ کا بھائی
(عبدالسلام)

(ماہنامہ خالد ربوہ دسمبر 1997ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی شہرہ آفاق کتاب ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل کی روشنی میں

ہومیو پیتھی طریقہ علاج اور قریبی دواؤں میں مابہ الامتیاز

اہم اور معروف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ہومیو ادویات کا آپس میں تعلق اور حیرت انگیز موازنہ

ہومیو پیتھک ڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

موت کا خوف

آرنیکا۔آرسینک البم۔سورائینم۔لیکسس

جب بیماری زیادہ بڑھ جائے تو آرنیکا کا مریض بھی آرسینک کے مریض کی طرح موت کے خوف میں مبتلا ہو جاتا ہے۔آرنیکا کے مریض کا سر گرم ہوتا ہے۔ لیکن اسے ٹھنڈا کرنے کا مطالبہ نہیں کرتا،صرف جسم کو گرم کرنا چاہتا ہے۔آرسینک کا مریض اس سے متضاد ہے۔ وہ بیک وقت سر کو ٹھنڈا اور جسم کو گرم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔دائمی طور پر ٹھنڈا ہونے کے لحاظ سے وہ سورائینم کے مریض سے ملتا ہے۔لیکن سورائینم میں مریض سر سے پاؤں تک ٹھنڈا ہوتا ہے۔لیکسس بھی سخت سردی کی دوا ہے۔خصوصاً اگر پاؤں ٹھنڈے ہوں سونے کے بعد پاؤں ٹھنڈے ہونا اس کی خاص علامت ہے لیکن لیکسس میں ٹھنڈ دائمی نہیں ہے۔آتی ہے اور چلی جاتی ہے اور اخراجات میں دائمی تعفن کی علامت نہیں ملتی لیکن سورائینم کا مریض سخت بدبودار مریض ہے۔سخت سردی محسوس کرتا ہے۔

(ص91,90)

دانتوں اور مسوڑھوں کی علامات

سسٹس۔سلفر

سسٹس میں دانتوں اور مسوڑھوں کی علامات سلفر سے بہت ملتی جلتی ہیں لیکن سلفر میں بہت جلن اور چبھن پائی جاتی ہے اور دانت گل جاتے ہیں۔سسٹس میں جبڑوں کے عضلات میں کمزوری واقع ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے دانت ڈھیلے ہونے لگتے ہیں لیکن ان میں جلن نہیں ہوتی۔ (ص304)

دائیں طرف تکالیف

چیلی ڈونیم۔برائی اونیا

چیلی ڈونیم کی برائی اونیا سے بھی مشابہت ہے۔ اس کی تکلیفیں بھی عموماً دائیں طرف ہوتی ہیں اور حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے لیکن فرق یہ ہے کہ برائیونیا میں جس طرف تکلیف ہو مریض اسی کروٹ پہ لیٹتا ہے۔چیلی ڈونیم میں مریض اس کروٹ لیٹے تو تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ (ص276)

درد

پلسٹیلا۔ابراٹینم

ابراٹینم......پلسٹیلا......میں ایک مشابہت یہ ہے کہ ان کے جسم کے درد ادھر ادھر گھومتے ہیں۔ابراٹینم (Abrotanum) کے درد ہر طرف گھومتے ہیں۔ پلسٹیلا کے درد ایک خاص سمت یعنی دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں حرکت کرتے ہیں۔ (ص694)

دردیں

ایسکولس۔ہیپوکاسٹینم۔پلسٹیلا

ایسکولس کا مریض عموماً سردی محسوس کرتا ہے اور اسے دردوں کو گرمی پہنچانے سے آرام آتا ہے۔پلسٹیلا کی طرح درد سارے جسم میں دوڑے پھرتے ہیں۔ لیکن ان دونوں دواؤں میں ایک فرق پایا جاتا ہے کہ پلسٹیلا میں درد ہمیشہ گرمی سے بڑھتے ہیں اور سردی سے آرام آتا ہے۔پلسٹیلا میں غم کا رجحان اور مزاج میں نرمی ہوتی ہے۔ ایسکولس میں بھی غم کی طرف میلان ہوتا ہے لیکن مزاج میں نرمی نہیں ہوتی اور تکلیفوں کو گرمی سے آرام آتا ہے۔ (ص22)

دردیں اور کمزوری

ہائیڈراسٹس۔رسٹاکس

ہائیڈراسٹس کے مریض کے جسم میں اور ٹانگوں میں دردوں کے ساتھ آہستہ آہستہ بڑھتی ہوئی کمزوری کی علامات ملتی ہیں جنہیں ہلکی حرکت سے کچھ آرام ملتا ہے۔اس پہلو سے یہ رسٹاکس سے ملتی ہے۔اگرچہ اس میں آرام کرنے سے مریض کو عموماً افاقہ ہوتا ہے۔لیکن دردوں میں آہستہ آہستہ چلنے سے آرام آتا ہے۔

(ص448)

بائی کی دردیں

کیکٹس۔کولوسنتھ۔بیلاڈونا

بائی کی دردیں جو کیکٹس سے تعلق رکھتی ہیں ان میں بازوؤں اور رانوں کے عضلات میں کھچاؤ اور سکڑن کی علامت ظاہر نہیں ہوتی کیونکہ کیکٹس کا صرف چھلے دار ریشوں سے تعلق ہے۔لمبے عضلات پر اس کا تشنجی اثر نہیں ہوتا۔کولوسنتھ (Colocynthis) لمبے عضلات پر اثر رکھنے والی اہم دوا ہے۔بیلاڈونا بھی مفید ہے لیکن کیکٹس کا لمبے عضلات پر اثر نہیں ہے۔ بیلاڈونا میں خون کا دوران دماغ کی طرف ہو جائے تو بیماری کے شدید حملہ کی صورت میں کیوپرم کے اثر کی طرح جکڑن کا احساس ہوگا لیکن کیکٹس دماغ میں سکڑن کا احساس پیدا نہیں کرتا کیونکہ دماغ میں چھلے دار ریشے نہیں ہوتے۔ کیکٹس کا مریض دماغ پر حملہ سے بے ہوش اور مدہوش سا ہو جاتا ہے لیکن اسے تشنج نہیں ہوتا۔بیلاڈونا میں دماغ کا کھچاؤ پاؤں کے انگوٹھے تک اثر کرتا ہے اور وہاں تشنج شروع ہو سکتا ہے۔

(ص179)

درد کی لہریں

ڈائسکوریا۔کیکٹس

ڈائسکوریا میں درد کی لہریں ہمیشہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہیں۔ پتے میں تشنج ہو تو درد کی لہر سینے سے ہوتی ہوئی کندھوں کی طرف بڑھتی ہے اور بازوؤں میں منتقل ہو کر ہاتھوں تک اتر آتی ہے۔ گردے کے تشنج کا درد جگر کی طرف حرکت کرتا ہے۔ اسی طرح بواسیر کے مسوں کا درد بھی جگر کی جانب جاتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔معدہ کے تشنج کا درد دل کی جانب لپکتا ہے ان تمام علامتوں میں ڈائسکوریا مفید ہے اور تمام مذکورہ عوارض میں شفا کا موجب بن جاتا ہے...... کیکٹس (Cactus) میں بھی درد کی لہروں کا ماؤف حصے سے دوسرے اعضا کی طرف منتقل ہونا ایک یقینی علامت ہے۔لیکن اس کی تشخیص جن علامتوں پر کی جاتی ہے وہ ڈائسکوریا سے بالکل مختلف ہیں مثلاً اگر اس کے مریض کی دماغی جھلیوں میں یا بیرونی عضلات میں تشنج ہو تو اس سے جو درد کی لہریں نکلتی ہیں وہ پاؤں کے انگوٹھے تک نیچے اترتی ہیں۔ (ص356,355)

دل کی تکالیف

آرسینک۔ایکونائٹ۔بیلاڈونا۔کاربوویج

آرسینک دل کے لئے بھی اچھی دوا ہے۔اس کے مریض کی نبض باریک ہوتی ہے۔مگر باوجود کمزوری محسوس کرنے کے نبض میں تیزی اور تناؤ پائے جاتے ہیں۔ایکونائٹ اور بیلاڈونا کے مریض کی نبض بھرپور اور کاربوویج کے مریض کی نبض بالکل کمزور اور نرم ہوتی ہے۔ذرا سا زور سے دبانے سے غائب ہو جاتی ہے۔ یہ بنیادی فرق یاد رکھیں تو نبض کے ذریعہ مریض کی شناخت آسان ہو جائے گی اور آپ صحیح دوا تک بآسانی پہنچ جائیں گے۔ (ص96)

دل ڈوبنے کا احساس

ڈیجی ٹیلس۔سلفر

ڈیجی ٹیلس میں ایک بات یاد رکھنی چاہئے کہ اس میں بخار نہیں ہوتے۔شاذ کے طور پر ہی کسی کو بخار ہوگا۔نبض سست ہوتی ہے۔جگر میں دکھن اور بڑے ہونے کا احساس ہوتا ہے۔جگر کی خرابی،دل کی خرابی پر منتج ہو تو پہلے اجابت ہلکے یا مٹیالے رنگ کی ہوتی ہے۔ یرقان کی علامتیں ظاہر ہوتی ہیں۔معدے میں خالی پن اور ڈوبنے کا احساس بھی ہوتا ہے......سلفر میں بھی ایسی کمزوری محسوس ہوتی ہے مگر سلفر کے مریض کو کھانا کھانے سے آرام آجاتا ہے لیکن ڈیجی ٹیلس میں کھانے سے آرام نہیں آتا کیونکہ دراصل یہ معدہ کی تکلیف نہیں ہوتی بلکہ دل کے ڈوبنے کا احساس معدہ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ (ص350)

دماغی بیماریاں

ہائیوسمس۔بیلاڈونا

ہائیوسمس میں ہر قسم کی دماغی بیماریاں پائی جاتی ہیں لیکن ان میں مارکٹائی کا رجحان کم ہوتا ہے۔ بیلاڈونا کے پاگل پن میں یہ رجحان بہت زیادہ ملتا ہے۔ ہائیوسمس میں مریض زیادہ تر وہم کا شکار ہوتا ہے۔وہ سمجھتا ہے کہ کوئی اس کے پاس کھڑا ہے۔پس وہ اس خیالی وجود سے باتیں کرنے لگتا ہے یا اسے یہ وہم ہو جاتا ہے کہ کوئی اس کے پیچھے کھڑا ہے جسے وہ مڑ مڑ کر دیکھے گا۔سخت شکی مزاج ہو جاتا ہے۔

(ص458)

دمہ

اپی کاک۔اینٹی مونیم ٹارٹ

اپی کاک......اور......اینٹی مونیم ٹارٹ......ان دونوں دواؤں میں ایک اور فرق یہ ہے کہ چونکہ متلی اپی کاک کا خاصہ ہے اس لئے اگر متلی ہو مگر قے نہ آئے تو اس صورت میں اپی کاک کے زیادہ امکانات ہیں۔ ہاں متلی کے بغیر یا معمولی متلی سے قے کا رجحان ہو تو اینٹی مونیم ٹارٹ کی علامت ہے سوائے اس کے کہ سینہ بلغم سے بھرا ہوا ہو تو کمزوری کی وجہ سے اس کو باہر نکالنے کی طاقت ختم ہو جاتی ہے۔ (ص477)

اپی کاک میں مرض جلد ہوگا اور تیزی سے بڑھے گا اور جلد ہی چہرے پر تمازت آجائے گی لیکن اینٹی مونیم ٹارٹ میں اچھے بھلے کھیلتے ہوئے بچے کو سردی لگے تو آہستہ آہستہ کمزوری ہوگی اور دوسرے دن وہ مرض شروع ہوگا اور آہستہ آہستہ بڑھے گا اور پھر جب ایک دفعہ قبضہ کرلے تو اپی کاک کے مقابل پر علامتیں بہت زیادہ سنگین ہوں گی اور مرض کے خلاف اندرونی دفاع بیدار نہیں ہوگا۔ اپی کاک میں مریض کا پورا جسم بیماری سے مقابلے کے لئے جدوجہد کرتا ہے لیکن اینٹی مونیم ٹارٹ کے مریض کا سینہ بلغم سے بھر جائے اور سانس لینے میں دقت ہو تو بھی بلغم کو باہر نکالنے کا رجحان نہیں ہوتا اور مریض بہت تیزی سے بیماری سے مغلوب ہو جاتا ہے۔ (ص477)

اپی کاک کا دمہ سے بھی گہرا تعلق ہے۔ اس کے دمہ کے مریض پُرخون اور بھرے ہوئے چہرے والے ہوتے ہیں جبکہ اینٹی مونیم ٹارٹ کے دمہ کا مریض کمزور اور آخری لمحات پر پہنچا ہوا معلوم ہوتا ہے۔
(ص476)

کاربوویج بہت نازک لمحات میں کام آنے والی دوا ہے اور دمہ کی بیماری میں اس کی خاص علامت یہ ہے کہ ٹھنڈا پسینہ آتا ہے اور مریض کا بدن بھیگ جاتا ہے لیکن وہ ہوا کا مطالبہ کرتا ہے چنانچہ بعض دفعہ اس کے چہرے پر تیزی سے پنکھا جھلنا پڑتا ہے۔ اس کے برعکس آرسینک کا مریض بالکل خشک ہوتا ہے اور اس کے سینہ میں بلغم بھی نہیں کھڑکھڑاتی۔ (ص243)

اگر بلغم بہت گہرا جم جائے اور نکالنے میں بہت سخت دقت پیش آئے اور دوسری علامتی دوائیں کام نہ کریں تو میڈورائینم بھی شفا کا موجب ہو سکتی ہے۔ چھاتی کے نیچے گہری بلغم کے لئے کالی آئیوڈائیڈ اور آرسینک آئیوڈائیڈ بھی فائدہ مند ہیں۔ اگر بلغم اکھڑنے سے زخم ہو جائیں اور رسنے والے ناسور کی شکل اختیار کرلیں تو کالی آئیوڈائیڈ زیادہ مفید ہے۔ اگر زخم بہت گہرا نہ ہو اور سطحی ہو تو آرسنک آئیوڈائیڈ اچھا کام کرتی ہے۔
(ص588)

دودھ ہضم نہ ہونا

لیک ڈیف۔پلسٹیلا

اگر کسی عورت کو دودھ سے نفرت نہ بھی ہو مگر اسے دوران حمل دودھ ہضم نہ ہوتا ہو تو اس کی حمل کی متلی کو بھی خدا کے فضل سے یہ دوا ٹھیک کر دیتی ہے۔ اس میں معدہ کی ان تمام بیماریوں کی علامتیں پائی جاتی ہیں جو دودھ ہضم نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ دودھ ہضم نہ ہونے کے نتیجہ میں یا مرغن غذاؤں کے استعمال سے نظام ہضم میں خرابی ہو جائے تو عموماً پلسٹیلا استعمال کی جاتی ہے مگر پلسٹیلا کا مزاج بہت گرم اور لیک ڈیف کا بہت ٹھنڈا ہوتا ہے اور یہی علامت ان دونوں کو ممتاز کرتی ہے۔ (ص535)

دھڑکن

کیکٹس۔بیلاڈونا

کیکٹس میں دھڑکن بھی پائی جاتی ہے۔ بعض اوقات سارا جسم دھڑک رہا ہوتا ہے۔ بیلاڈونا میں بھی بہت دھڑکن ہے لیکن ساتھ جسم میں گرمی اور حدت کا احساس بھی ہوتا ہے جو کیکٹس میں مفقود ہے۔
(ص179)

رات کو تکالیف کا بڑھ جانا

مرکری۔سلفر

مرکری ...... Mercurius کے مریض کی تکلیفیں رات کو بڑھ جاتی ہیں۔ ......سلفر میں بھی یہ بات پائی جاتی ہے۔ مگر سلفر میں بستر میں لیٹنے سے تکلیفیں بڑھتی ہیں۔ یعنی بستر کی گرمی تکلیف کو بڑھا دیتی ہے جبکہ مرکری کی تکلیفوں کا رات سے تعلق ہے۔ مریض بستر میں داخل ہو یا نہ ہو، رات مصیبت بن جاتی ہے۔ (ص600)

تکالیف کا دائیں سے بائیں حرکت کرنا

لیکسس۔لائیکوپوڈیم۔پلسٹیلا۔

لیک کینائینم۔ٹیرنٹولا

عورتوں کے بیضۃ الرحم کی تکلیفوں میں بھی لیکسس بہت مفید دوا ہے۔ اگر بائیں طرف کے بیضۃ الرحم میں تکلیف کا آغاز ہو اور دائیں طرف منتقل ہو جائے تو اس میں لیکسس بہت اچھی ثابت ہوگی۔ اگر دائیں بیضۃ الرحم میں تکلیف ہو تو لائیکوپوڈیم اور ٹیرنٹولا بہت مفید ہیں۔ لیکسس میں گلے کی تکلیف بائیں طرف سے شروع ہو کر دائیں طرف منتقل ہو جاتی ہے جبکہ لائیکوپوڈیم میں دائیں سے بائیں طرف بیماری حرکت کرتی ہے۔ پلسٹیلا میں درد کی لہریں ادھر سے ادھر حرکت کرتی ہیں جبکہ امراض کی دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں حرکت لیک کینائینم میں بہت نمایاں ہے۔ (ص546)

رفیق احمد نعیم صاحب

مکرم غلام سرور صاحب کا ذکر خیر

مورخہ 15 جنوری 2005ء کو ڈیرہ غازی خان کے ایک مخلص احمدی اور میرے بڑے بھائی مکرم غلام سرور صاحب بقضائے الٰہی رحلت فرما گئے۔

مرحوم 1933ء میں ضلع ڈیرہ غازی خان کے ایک گاؤں احمد پور میں پیدا ہوئے۔ آپ پیدائشی احمدی تھے۔ والد محترم غلام علی خان صاحب مرحوم اس وقت اپنے علاقے کے نمبردار تھے۔ یہ ایک معزز گھرانہ تھا۔ ضروری تعلیم مکمل کرنے کے بعد شہر آئے اور محکمہ تعلیم میں ملازمت اختیار کی اور پھر یہیں کے ہو رہے۔ اگرچہ ابتدائی دور بے حد پریشان کن تھا لیکن ہمت نہیں ہاری اور ایک لمحہ کے لئے بھی مایوس نہ ہوئے۔ حالات کی خرابی ان کے چہرے کی مسکراہٹ نہ چھین سکی۔ انہوں نے اپنی زندگی آپ بنائی۔ زندگی کے بہت سے دور دیکھے مگر عزم و استقلال کا پیکر بن کر تمام عمر ''الکاسب حبیب اللّٰہ'' کی شاندار مثال بنے رہے۔ اس مرد آہن کی محنت رنگ لائی اور خدا کے فضل سے گھر میں پریشانیاں ختم ہوگئیں۔ اسی دوران یہاں کے ایک عالم دین اور خادم احمدیت، مصنف اور مترجم قرآن مجید بطرز جدید مولوی عبدالرحمان صاحب مبشر کے ساتھ شرف دامادی حاصل ہوا۔

مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ شرافت، اخلاق، سادگی، عصمت نظر کا پیکر تھے۔ دیندار، مخلص ہمدرد، تہجد گزار اور احمدیت کے فدائی تھے۔ مالی قربانی اور ہر تحریک میں حصہ لینا سعادت سمجھتے تھے۔ خدمت سلسلہ کا شوق دل میں رکھتے تھے۔ آپ قائد مجلس رہے۔ سیکرٹری اصلاح و ارشاد کے طور پر جماعت کی خدمت کا موقع ملا۔ خلافت سے وابستگی مرحوم کا طرہ امتیاز تھا۔ خلیفہ وقت سے عقیدت اور محبت کو زندگی کا واحد سہارا جانتے تھے۔ 1986ء سے تادم زندگی ہر سال اپنے پیارے آقا کی ملاقات اور زیارت کا شرف حاصل کرنے کے شوق میں لندن جاتے رہے۔

مرحوم وضعدار، بے لوث اور با اصول شخص تھے۔ زندگی کے ہر معاملے میں جو بھی اصول وضع کیا سختی سے اس پر کاربند رہے۔ دعا گو اور مستجاب الدعوات تھے۔ کئی بار ایسا ہوا کہ جو بات ان کے منہ سے نکلی بعینہ اسی طرح پوری ہوئی۔ میں خود اس بارے میں صاحب تجربہ ہوں۔ میری اہلیہ سخت بیمار تھیں اور بے ہوش ہسپتال کے ایک بستر پر زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا تھیں۔ میں سخت پریشان تھا اپنے مرحوم بھائی کے پاس گیا اور درخواست دعا کی۔ دعا کرنے کے بعد کہنے لگے اطمینان رکھو اسے 60 گھنٹے کے اندر ہوش آجائے گا۔ جبکہ ڈاکٹروں کا کہنا تھا 72 گھنٹے میں ہوش نہ آیا تو اس کا بچنا مشکل ہے۔ خدا گواہ ہے ٹھیک 60 گھنٹے کے بعد میری اہلیہ کو ہوش آگیا۔

بے خوف اور نڈر احمدی تھے۔ جب اور جہاں ضرورت پڑی برملا اپنی احمدیت کا اظہار کیا۔ سینکڑوں لوگوں سے تعلق اور رابطہ تھا۔ ان میں سے ہر شخص جانتا تھا کہ یہ احمدی ہیں۔ ہر آنے والے شخص کو دعوت الی اللہ کرنا اپنا فرض جانتے تھے۔ ان کی دکان اس کا مرکز تھی۔ لٹریچر ہر وقت موجود رہتا تھا۔ خدا پر بے انتہا توکل اور بھروسہ تھا۔ بے حد دیالو تھے۔ صدقہ و خیرات میں پیش پیش تھے۔ دائیں ہاتھ سے اس طرح دیتے کہ بائیں ہاتھ کو اس کا علم تک نہ ہوتا۔ سکوت اور شگفتگی کا حسین امتزاج تھے۔ آنکھوں میں حیا کی معصومیت، دل میں ایمان کی حلاوت، اعمال و افکار میں خدا کے خوف کے ساتھ ساتھ اس کے لئے غیرت کا جذبہ نمایاں تھا۔ غصہ تھا مگر بے جا نہ تھا۔

الغرض وہ ایک ایسے انسان تھے جن کی شخصیت ہمہ گیر اور قابل اعتماد تھی۔

مرحوم کے پسماندگان میں دو بیٹے، تین بیٹیاں اور ایک بیوہ شامل ہیں۔ احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست ہے کہ مرحوم کی جنت الفردوس میں بلندی درجات اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لئے دعا کریں۔

کایا پلٹ گئی

برطانیہ میں بشیر احمد صاحب آرچرڈ کے احمدیت قبول کرنے کے بعد ان کی زندگی میں ایسا ہمہ گیر انقلاب آیا کہ انہوں نے جوئے، شراب نوشی، سگریٹ نوشی وغیرہ تمام خرابیوں سے توبہ کرلی اور عبادت الٰہی اور دعاؤں میں لذت پانے لگے۔ وہ کہتے ہیں:۔

''احمدیت نے مجھے نماز اور دعا کا پابند بنا دیا ہے۔''
(الفضل 10 جنوری 1978ء، عظیم زندگی ص 9,8)

لندن کے طاہر ایشون ہندوؤں سے احمدیت میں آئے۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے سگریٹ نوشی اور شراب خوری ترک کرکے باقاعدگی سے نماز پڑھنی شروع کردی۔ (الفضل یکم اپریل 1989ء)

(بقیہ صفحہ 4)

حضرت المصلح الموعود جو حسن و احسان میں حضرت مسیح موعود کے ہی نظیر تھے، کا زمانہ یاد کرنے والوں کی بھی اب یہی حالت ہے۔ اور وہ آپ کی تصویر دیکھ کر آبدیدہ ہو جاتے ہیں اور مذکورہ شعر گنگناتے ہیں۔!!

غرضیکہ جس نے بھی چند یوم اس پاک بستی میں گزارے ہیں خواہ وہ کسی علاقے اور ملک کا رہنے والا ہو۔ وہ ''ثم قادیانی'' ہو جاتا ہے اور حضرت المصلح الموعود کی اقتداء میں ؎

خیال رہتا ہے ہمیشہ اس مقام پاک کا
سوتے سوتے بھی یہ کہہ اٹھتا ہوں ہائے قادیاں

(ہفت روز ''بدر'' قادیان۔ 17 دسمبر 1981ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 48818 میں مقبول احمد راجیکی

ولد محبوب احمد راجیکی قوم وڑائچ پیشہ ہومیو پیتھ عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سعد اللہ پور ضلع منڈی بہاؤالدین بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت پریکٹس مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد مقبول احمد راجیکی گواہ شد نمبر 1 حافظ محمد اقبال وڑائچ وصیت نمبر 26328 گواہ شد نمبر 2 محمد یوسف ولد خوشی محمد

مسل نمبر 48819 میں صغریٰ منور

